# The Anti-Racism Observatory

سکاٹ لینڈ ایک نئے ڈھانچے کی تشکیل کر رہا ہے۔ دی آبزرویٹری۔ اِس کا مقصد سکاٹش گورنمنٹ اور دیگر پبلک سیکٹر کے اداروں کو نسل پرستی کے خلاف اپنے عزم اور ذمہ داری کیلیئے جوابدہ ٹھہرانا ہے۔



دی آبزرویٹری مقامی، ملکی اور بین الاقوامی طور پر ماہرانہ رائے لینے کا انتظام کریں گے کہ نسل پرستی کیسے کام کرتی ہے۔

اِس سے سکاٹش گورنمنٹ کو نسل پرستی کے خلاف پائیدار پالیسز اور پریکٹسز کی فراہمی میں مدد ملے گی۔

اِس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ سکاٹ لینڈ میں نسل پرستی کے خلاف کئے جانے والے اقدامات اُن لوگوں کیلیئے مفید ثابت ہو رہے ہیں

جو نسل پرستی سے بُری طرح متاثر ہیں، ہم آپ کے خیالات سُننا چاہیں گے۔

## ہم اَب ایسا کیوں کر رہے ہیں؟

کووڈ۔19 کی وباء نے عالمی سطح پر نسلی عدم مساوات کو بے نقاب کیا ہے۔

سکاٹش گورنمنٹ نے نسلی عدم مساوات، خاص طور پر شعبہ صحت میں، سے نمٹنے کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری کو بڑھا دیا ہے۔

کاٹش گورنمنٹ نے نسلی عدم مساوات، خاص طور پر شعبہ صحت میں، سے نمٹنے کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری کو بڑھا دیا ہے۔

سکاٹش گورنمنٹ نے یہ عزم کیا ہے کہ وہ 2030 تک، سکاٹ لینڈ کو باانصاف اور ہر ایک کو شامل کرنے والا بنائیں گے "جہاں ہر شخص آرام دہ زندگی بسر کر سکے"۔[1]

ہمیں اِس پیش رفت سے مستفید ہونے کی ضرورت ہے اور آبزرویٹری اِس عمل کی نگرانی کرنے اور اِس ذمہ داری کا احساس کرنے کیلیئے ایک اہم قدم ہے۔

[1] https://www.gov.scot/publications/fairer-scotland-action-plan/

# گزشتہ طور پر کیا کام کیا گیا ہے اور اِس کام میں کامیابی کیوں نہیں ہوئی؟

سکاٹ لینڈ میں نسلی مساوات کے متعلق 20 سال کے اندر 39 پالیسیز بنائی گئی ہیں جن میں 817 عزائم اور اقدامات ہیں[2] ۔ اِس کے باوجود بہت کم ترقی ہوئی ہے۔

جیسا کہ اِس ڈایا گرام میں یہ دکھایا گیا ہے، کولیشن فار ریشل ایکوالٹی اینڈ رائٹس (CRER) کی جانب سے کیا گیا حالیہ کام یہ دکھاتا ہے کہ یہ ایک غلط طریقِ کار ہے جو ترقی کو روکتا ہے۔

1. بطورِ آغاز، جب ایک نئے "نسلی مساوات" کے اقدام کا اعلان کیا جاتا ہے، اِس میں بہت سی مبالغہ آرائی کی جاتی ہے، لیکن اِس بات پر تھوڑی سی توجہ دی جاتی ہے کہ پہلے کیا کام کیا گیا ہے۔

2. کمیونٹیز کو یہ نہیں بتایا جاتا کہ اُن کی جانب سے ملنے والی معلومات کے ساتھ کیا ہوتا ہے اور اکثر اِن کمیونٹیز کو فیصلے کرنے کے عمل میں شامل نہیں کیا جاتا۔

CRER coalition for racial equality and rights

3. تو جب نئی پالیسیز بنائی جاتی ہیں، وہ ناکام ہو جاتی ہیں کیونکہ غیر متعلقہ اقدامات کئے جاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | نئی ترتیب و تشکیل کا اعلان کرنا | مثبت بیان بازی |
| | | جدید الفاظ |
| 2 | ثبوت اور شمولیت | پہلے جیسے مسائل |
| | | صلاح و مشورے کے بعد بھی کوئی پیش رفت نہ ہونا |
| 3 | خاکہ تیار کرنا اور فیصلے | اُن ثبوت کا انتخاب کیا جاتا ہے جو ادارے کے ایجنڈا کیلئے مناسب ہوتے ہیں |
| 4 | افتتاح | دلچسپی بڑھ جاتی ہے |
| 5 | انکار کرنا | کاموں میں ناکامی۔ وہ غلط تھے |
| | | عملے یا قیادت میں تبدیلی ہونا |
| | | ترجیحات کا بدل جانا |

[2] https://www.gov.scot/publications/crer-anti-racist-policy-making-scotland-review-summary/

اِس ناکامی کا کوئی حساب کتاب نہیں ہوتا کیونکہ اِن پالیسز کی فراہمی کرنے والے لوگوں میں تسلسل کی کمی ہے اور سیاسی ترجیحات ہمیشہ بدلتی رہتی ہیں۔

# آبزرویٹری کیسے مختلف ہو گی؟

نسل پرستی سے متاثر کمیونٹیز کیلئے عام اور لمبے عرصے تک کام کرنے والی تبدیلی کی تخلیق کرنا، آبزرویٹری کرے گی:

1. **نسل پرستی کے خلاف کام کرنا:** ہمیں پوری کوشش کر کے اُن عوامل کو روکنا چاہئے جن کی وجہ سے نسل پرستی نے ہمارے نظاموں او داروں کو جکڑ رکھا ہے اور اِس کو مزید تقویت دی جا رہی ہے (مثال کے طور پر تنظیمیں، پبلک سروسز جن میں سکول اور این ایچ ایس اور سکاٹش گورنمنٹ شامل ہیں)۔

2. **کمیونٹی کی مرضی سے کام ہونا چاہئے:** نسل پرستی سے متاثر کمیونٹیز کیلئے جو پالیسیز بنائی گئیں، اُن میں کمیونٹیز کی مرضی شامل کرنی چاہئے۔

3. **کمیونٹیز کو ذمہ داری دینے کے عمل کو فروغ دیں:** گورنمنٹ کو اِس بات کا علم رکھنا چاہئے کہ پہلے کیا ہو چکا ہے، نسل پرستی کے خل بنائی جانے والی پالیسیز کے اطلاق کی نگرانی کی جائے، اور نسل پرستی سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز کو ترقی ہونے کے بارے میں اطلاع دی جائے۔

4. **نسلی اقلیتی کمیونٹیز کی حفاظت کی جائے:** نسل پرستی سے متاثر ہونے والی کمیونٹیز کیلئے محفوظ جگہیں بنائی جائیں تاکہ نسل پرستی کے خلاف پالیسیز کی تشکیل کی جائے

# آبزرویٹری کیا کرے گی؟

آبزرویٹری کیلئے درجِ ذیل کام تجویز کئے گئے ہیں۔

تاہم،اِس سلسلے میں کام ہورہاہے،اور ہم اِس کے بارے میں آپ کی رائے جانناچاہیں گے۔

اِس کام میں دوسرے ادارے بھی شریک ہیں،جولوگوں کے ساتھ مل کر آبزرویٹری کاڈیزائن بنارہے ہیں،اسلئے آبزرویٹری کے کام اِن کاموں سے مختلف ہوسکتے ہیں جن کو یہاں تجویز کیاگیاہے:

1. میپنگ اور سائن پوسٹنگ نسل پرستی اور نسل پرستی کے خلاف گزشتہ طور پر کیاجانے والاکام ہے اور اَب بھی جاری ہے،اسلئے ہم اِس کام پر نظر رکھ سکتے ہیں۔

یہ مختلف کاموں کے بارے میں بناہوانقشہ لوگوں کے لئے دستیاب ہے جس میں صحت کے متعلق ہونے والاکام شامل ہے،اِس کے علاوہ معاشی،تاریخی،ثقافتی اور سیاسی عناصر شامل ہیں جو کہ کمیونٹیز پراثرانداز ہوتے ہیں۔

2. پبلک سیکٹر میں نسل پرستی کی مخالفت کے کام کے بارے میں سکاٹش گورنمنٹ کوجوابدہ ٹھہرانا،مثال کے طور پر:

*اداروں کوایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن کے ذریعے وہ اُن کی طرف سے نسل پرستی کے خلاف کئے جانے والے کاموں کی نگرانی کرسکیں۔

3. پبلک سیکٹر میں نسل پرستی کی مخالفت کے کام کے بارے میں سکاٹش گورنمنٹ کوجوابدہ ٹھہرانا،مثال کے طور پر:

*اداروں کوایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن کے ذریعے وہ اُن کی طرف سے نسل پرستی کے خلاف کئے جانے والے کاموں کی نگرانی کرسکیں۔

*اداروں کونسل پرستی کے متعلق معلومات میں موجود خلا کی جانچ کرنی چاہئے،ایسے خلا کے نتائج کاپتہ لگاناچاہئے اوران کو کیسے پُر کیاجاسکتاہے۔

4. اداروں اور نسل پرستی سے بُری طرح متاثر ہونے والے لوگوں کے درمیان تعاون کوفروغ دینا۔

5. نسل پرستی سے بُری طرح متاثر ہونے والے لوگوں کے ساتھ مل کر نسل پرستی کے خلاف پالیسیز اور پریکٹسز کی تشکیل کی پُرزور حمایت کرنا۔

ہم آبزرویٹری کے بارے میں آپ کے خیالات کو جاننا پسند کریں گے، اور یہ سکاٹ لینڈ میں تبدیلی لانے والی پالیسی اور پریکٹس کی فراہمی کا کام کیسے بہتر طور پر کر سکتی ہے۔

برائے مہربانی دومنٹ کا سروے مکمل کرنے کیلئے اپنے فون سے QR کوڈ کو سکین کریں۔

مزید معلومات کیلئے آپ ہمیں ای میل کر سکتے ہیں: iggantiracism@gmail.com

